RAMPUR GOVt GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۵ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۵ فروری ۱۸۹۴ع مطابق ۲۸ رجب ۱۳۱۱ ہجری | جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم اجلاس کامل	
۱	پنشن چندن سنگہ سپاہی پلٹن۔	۱
	احکام و روبکار صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۲	رخصت مہتمم شفاخانہ یونانی۔	۲
۳	استعفاء حکیم محمد نبی اسسٹنٹ صدر شفاخانہ یونانی۔	۲
۴	استعفاء نذیر احمد نائب گرداور صفائی۔	۲
۵	بابت کارروائی تفتیش۔	۲و۳
	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۶	تبادلہ منشی غلام رسول پیشکار تحصیل بلاسپور و منشی کامل حسین پیشکار تحصیل شاہ آباد	۳
۷	فہرست پنشنداران جنکو استحقاق پنشن ہے مع حکم اجلاس کامل۔	ضمیمہ
۸	روئداد کمیٹی میونسپل قصبہ تحصیل شاہ آباد۔	"
۹و۱۰	نقشہ جات وصولیات و صرفہ اجناس۔	"

حکم اجلاس کامل واقع ۲۲ جنوری ۱۸۹۴ع

آج کونسل مین پیش ہوکر تجویز ہوا کہ روز علیحدگی خدمت سے پنشن دو روپیہ آٹھ آنہ ماہواری چندن سنگہ سپاہی پلٹن کمپنی ہشتم کی منظور ہے۔ مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہون اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے۔ ۲۵ جنوری ۱۸۹۴ع

احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۲۷ جنوری ۱۹۲۳ء

حسب درخواست صدر منصرم شفاخانہ یونانی رخصت ایک ہفتہ بغرض روانگی لکھنو بنا بر اشتراک تقریب منظور ہوئی۔ ایام رخصت مین حکیم حسین علیخان کار صدر شفاخانہ انجام دینگے ۔

اضافہ

۲۷ جنوری ۱۹۲۳ء

بملاحظہ درخواست صدر منصرم شفاخانہ یونانی حکیم محمد نبی اسسٹنٹ صدر شفاخانہ یونانی کا دو روپیہ ماہوار اضافہ بوجہ کثرت کار کیا گیا ۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۸ جنوری ۱۹۲۳ء

نذیر احمد نائب گرد اور صفائی کی بابت صاحب جج بہادر نے لکھا تھا کہ بہت محنتی آدمی ہے اور بہت مستعدی و ہوشیاری سے اور کفایت شعاری سے اپنا کام کرتا ہے اور جس کام پر مامور کیا جاتا ہے پوری دلسوزی سے کرتا ہے لہذا ۔

حکم ہوا کہ

۔ جنوری ۱۹۲۳ء سے نامبردہ کو آٹھ روپیہ کا اضافہ دیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہون ۔

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

مثبتہ یادداشت صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر

مجھکو تحریر صاحب سشن جج بہادر سے اتفاق ہے حسب منشاء تحریر صاحب موصوف بصراحت احکام ضابطہ جاری کئے جائین اور نقل اس کاغذ کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھی بھیجی جاوے ۔ اور تعلیقہ جو بلا اجازت اس مقدمہ مین ہو [illegible] وہ کالعدم متصور ہو کر حاکم عدالت خفیفہ کو اطلاع دیجاوے کہ اگر وجوہ معقول ہون تو ضابطہ کی علیحدہ درخواست [illegible]

۲۸ جنوری ۱۹۲۳ء

حکم صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر واقع ۲۳ جنوری ۱۹۲۳ء مثبتہ یادداشت عدالت سینیر منصفی حضور تحصیل

صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے ملاحظہ مین پیش ہو تا [illegible] اور بیانامہ او پیپر زور دیا گیا ہے بالضرور غلطی ہوئی آئندہ ایسا نہونا چاہئے ۔

درجہ بندی حال کے رو سے کوئی نائب پیشکار کسی اجلاس [illegible] صیغہ جوڈیشل مین نہین ہے ۔ درجہ بندی مین عدالت خفیفہ کا نائب پیشکار بلقب ابلمد رکھا گیا ہے لہذا آئندہ نائب پیشکار [illegible] لقب ترک ہونا چاہئے ۔

یادداشت عدالت سینیر منصفی حضور تحصیل
واقع ۱۰ر جنوری سنہ ۱۸۹۴ع

کیفیت یہ ہے کہ معاینہ کاغذات مثل ایسا معلوم ہوا کہ سابق اس سے کارروائی تعلیقہ وغیرہ باجازت اجلاس عمل ہوگئی تھی اور بکفالت اوسی جایداد متروقہ کے مسل مقدمہ اجرائے ڈگری تراضی باہمی داخل دفتر ہوگئی لہذا نسبت کارروائی تعلیقہ کے ضرورت اجازت دوبارہ کی نہین سمجھی گئی تھی اور یہ حکم بقلم نائب پیشکار عدالت باقاعدہ تحریر نہین ہوا ہے اور نہ کوئی حکم دربارہ اجازت مکرر عدالت ہذا مین پایا جاتا ہے جسوقت عدالت کو عدالت دیوانی ضلع سے معلوم ہوا کہ عدالت دیوانی ضلع مین یہ درخواست مجدد پر اجازت اجلاس اعلے سے چاہی جاتی ہے اوسیوقت باجلاس اعلے یادداشت اطلاعی بہیجی گئی اب اس مقدمہ مین صرف عدالت کی یہ درخواست ہے کہ اجازت ہو تو تعلیقہ قائم رکہا جاوے یا مجدداً کارروائی تعلیقہ کیجاوے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۲ر فروری سنہ ۱۸۹۴ع

منشی غلام رسول پیشکار کی تبدیلی شاہ آباد سے بلاسپور کو اور منشی تجمل حسین پیشکار کی تبدیلی بلاسپور سے شاہ آباد کو بنظر مناسب عمل مین آئی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ منشی تجمل حسین ۵ر فروری کو شاہ آباد مین حاضر ہون۔ اور غلام رسول اوسی روز وہان سے روانہ ہوکر ۶ر فروری کو بلاسپور پہونچ جاوین۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا

حکم اجلاس کامل واقع ۲۲ جنوری ۱۹۲۶ء

بمقدمہ جانچ اسلحہ و لیسنس ریاست رامپور

آج کونسل میں مثل تحقیقات چال چلن لیسنداران اسلحہ مرتبہ صاحب مجسٹریٹ فوجداری پیش ہوکر بعد ملاحظہ فہرست مرتبہ عدالت فوجداری دریافت ہوا کہ تحقیقات سے ۳۲ کس مندرجہ فہرست مذکور قابل ضبطی اسلحہ و منسوخی لیسنس اسلحہ ہیں لہذا کونسل بالاتفاق تجویز کرتی ہے کہ درخواست صاحب مجسٹریٹ ضلع منظور ہے وہ ضبطی اسلحہ کی بابت احکام جاری کریں اور اسلحہ ضبط کریں۔ نقل فہرست اردو کی جس پر نشان نمبر۲ قابل ضبطی ڈالا گیا ہے برائے تعمیل پاس صاحب مجسٹریٹ ضلع بھیجی جاوے۔ اصل مثل باجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر پیش ہو محکمہ پولیس اور رسالا انشا کو بھی مطلع کیا جاوے۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل روئداد ہذا کی مع نقل فہرست اردو جس پر نشان نمبر۲ قابل ضبطی ڈالا گیا ہے برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ ۲۹ جنوری ۱۹۲۶ء

آج جلسہ کونسل مین یہ فہرست منظور کی گئی - ۲۲ جنوری ۱۹۱۳ء

دستخط محمد ہادی حسن خان مجسٹریٹ ضلع

۲ قابل ضبطی ۲۲ جنوری ۱۹۱۳ء

انتخاب فہرست لیسنس داران جنکے اسلحہ قابل ضبطی ہین حسب تحقیقات تحصیلداران صاحبان

نمبر	تحصیل	نام لیسنس دار	ولدیت	سکونت	تعداد اسلاح	کیفیت رائے تحصیلدار صاحب پرگنہ
۱	تحصیل ٹانڈہ	نیاز علیخان	افضل خان	بادی ٹانڈہ	آتشبازی تیار کرنیکا	نیاز علیخان لیسنس دار قصبہ مین مقیم نہین ہے بلکہ موضع سمورہ علاقہ انگریزی مین مقیم ہے ہر چند تلاش کیا گیا دستیاب نہوا ایام شب برات مین دو چار روز کو یہان آجاتا ہے لیسنس نامبردہ قابل منسوخی ہے۔
۲	پرگنہ بلاسپور	محمد بخش	گل محمد	گوالدیا	بندوق یک	دریافت سے معلوم ہوا کہ محمد بخش فوت ہوگیا اور بندوق بیدی کے پاس ہے۔
۳	″	لیکھراج	تلوکچند زرگر	موضع گودہی	بندوق یک	اسکو کوئی ضرورت بندوق رکھنے کی نہین ہے اور مصلحت ہے
۴	″	عبدالصمد پٹھان	امیر اللہ پٹھان	کورنہیا	بندوق تلوار یک یک	بالکلال پٹواری چندرسین دہری پٹھان تصدیق چال چلن عبدالصمد کی بابت تصدیق چال چلن اچھا ہے چونکہ لیسنس دار نوکر کہین نہین ہے اور اسکو ضرورت اسلحہ کی نہین معلوم ہوتی۔
۵	″	زور آور پٹھان	چھی	موضع سمریا	بندوق یک	زور آور پٹھان فوت ہوگیا۔
۶	″	حبیب اللہ پٹھان	امیر اللہ	اصغر گنج مزرعہ دبہ	بندوق یک	حبیب اللہ لیسنس دار علاقہ انگریزی کو فرار ہوگیا بندوق چند برادر مفرور کے پاس موجود ہے۔

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت رائے تحصیلدار و صاحب پرگنه
۷	پرگنه ملک	دہن سنگھ زمیندار	تہو سنگھ	سنڈی جوائی	تلوار یک، بندوق یک	رپورٹ محمد حسین خان سپاہی سے معلوم ہوا کہ یہ شخص کہیں گیا ہوا ہے گانو میں نہیں ہے اور تلوار اوسکے پاس نہیں ہے مشہور ہے کہ گم گئی۔ چال چلن کوئی برا نہیں سنا گیا ہاں قابل ہونے نہیں کہ تلوار دیجاوے گو لیسنس دار عام طور پر ہنگام حاضری ضرورت حفاظت زراعت ظاہر کرتے ہیں جیسکے واسطے بندوق کافی ہے لیسنس تلوار الحال زیادہ معلوم ہوتا ہے۔
۸	״	بلدیو سہائے زمیندار	بہوپال رائے	دہبہ بتھانہ کیمری	بندوق یک، تلوار یک	کوئی ضرورت اسلحہ کی بوجہ نوعمری و ناتجربہ کاری اس شخص کی معلوم نہیں ہوتی۔
۹	״	درگا پرشاد	موتی رام	موضع ستونہ تھانہ بہاری	بندوق یک، تلوار یک	سوائے تلوار کے بندوق کا لیسنس بحاجت بغرض اعزاز کافی معلوم ہوتی ہے۔
۱۰	״	بلدیو داس چوہان	کیولرام برہمن	رتیبلہ تھانہ کیمری	بندوق یک	اب یہ شخص ایسا مالدار نہیں کوئی ٹھیکہ ہے بلا ضرورت لیسنس بندوق ہے۔
۱۱	تحصیل سوار	دہناشاہ	بیبی رام	سمرا تھانہ سوار	بندوق یک	دہناشاہ مالگزار نے رکھنے اسلحہ سے انکار کیا۔
۱۲	״	حسن علی	فتح علی	مہدی نگر تھانہ سوار	بندوق یک	میرے نزدیک کوئی ضرورت اسلحہ کی نہیں ہے اسکا لیسنس قابل ضبطی کے ہے
۱۳	״	امام الدین	قادر بخش	بیجر تھانہ سوار	بندوق یک	میرے نزدیک کوئی ضرورت اسلحہ کی نہیں ہے اسکا لیسنس قابل ضبطی ہے
۱۴	تحصیل شاہ آباد	خیالی رام	خوشحال رائے بقال	شاہ آباد	تلوار یک، بندوق یک	خیالی رام مالگزار کا انتقال ہو گیا اور اسلحہ سرکار میں داخل کر دیئے گئے اوسکا نام خارج ہونا چاہئے۔
۱۵	״	رانی بیگم کنوار	زوجہ راجہ [illegible] سنگھ	مدہکہ تھانہ شاہ آباد	بندوق یک، تلوار یک	رانی بیگم کنوار کا انتقال ہو گیا اور اوسکا کوئی کارندہ وغیرہ گانو میں نہیں ہے اوسکا نام بھی خارج ہونا چاہئے

نمبر	پرگنہ	نام لیسنس دار	ولدیت	سکونت	تعداد سلاح	کیفیت رائے تحصیلدار صاحب پرگنہ
۱۶	شاہ آباد	ملہو خان	پھوندیخان	اوسی تھانہ شاہ آباد	بندوق سنگدار یک۔	ملہو خان زمیندار اوسی کا انتقال ہوگیا اور اوسکی بندوق کا لیسنس اوسکے لڑکے محمد خان کے نام تبدیل ہوگیا ہے ملہو خان کے نام سے کوئی ہتھیار نہیں ہے اسلئے ملہو خان کا نام بھی خارج ہونا چاہیے۔
۱۷	″	کمد سنگھ	لچھمن سنگھ زمیندار	الوہ تھانہ شاہ آباد	بندوق یک تلوار یک	کمد سنگھ زمیندار موضع الوہ قید ہوگیا اسلئے ضرورت ہتھیار کی کمد سنگھ کے پاس نہیں ہے
۱۸	حضور تحصیل	صاحبزادہ محمد امجد علیخان	صاحبزادہ محمد حسنخان	رامپور	بندوق یک تلوار ۲ لکڑی یک جمدہر ۲ چھری ۲ پھوا یک	بروے تحقیقات لیسنس دار بدچلن پایا گیا قابل دینے لیسنس کے نہیں ہے۔
۱۹	″	صاحبزادہ عظمت علیخان	صاحبزادہ فرزند علیخان	″	بندوق یک تلوار یک طپنچہ یک	تحقیقات کیگئی یہ شخص قابل رکہنے اسلحہ کے نہیں ہے
۲۰	″	صفدر علے	مجاور علے	″	بندوق یک تلوار یک طپنچہ یک	یہ شخص فوت ہوگیا۔
۲۱	″	محمد محمود علے پیشکار چوکی اوشی	شاہ مظفر علے	اوشی ضلع لکھنؤ حال ملازم ریاست	بندوق یک تلوار یک چھری یک	بلسنح صدر
۲۲	″	قطب شاہخان	احمد شاہخان عرف نادر شاہخان	کھیر قلندرخان	بندوق یک تلوار یک طپنچہ یک	یہ شخص سخت بدچلن ہی لیکن اہل محلہ از خوف رعایت بیان نہیں کرتے۔
۲۳	″	بابو شام چند داس ڈاکٹر بریلی و مرادآباد و رامپور ریلوی	گوبردھن داس	کلکتہ حال رامپور	تلوار یک طپنچہ یک	یہ شخص موقوف ہوکر بیاہنے چلا گیا۔

حکم صاحب جوڈیشیل ممبر بہادر - واقع ۲۲ر جنوری ۱۸۹۴ء

ہرایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور اصل بنابر تعمیل واپس -

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل شاہ آباد بابتہ ۱۵ دسمبر ۱۸۹۳ء

منشی محمد شیر زمانخانصاحب تحصیلدار صدر نشین

غلام رسول خانصاحب سکرٹری

اسمار شرکار جلسہ

ملازمین

(۱) اندی پرشاد عوض محرر صفائی

(۲) حکیم گنگا پرشاد صاحب ممبر

غیر ملازمین

(۱) چوبے پرمانند صاحب ممبر

(۲) چندا خانصاحب ممبر

(۳) سید مصطفے علیصاحب ممبر

امور تصفیہ طلب

۱ - رپورٹ محرر صفائی مصدقہ چوبے پرمانند صاحب ممبر بدینمضمون کہ محلہ چوبان میں جو پرانا رستہ پڑا ہوا ہے بوجہ تیاری سڑک جدید متصل مکان چوبے بندرابن پانی بکثرت جمع رہتا ہے جس سے احتمال منہدمی مکانات اور باعث ترقی بیماری ہے - کمیٹی میں پیش ہوگئی -

تجویزات کمیٹی

چونکہ واقعی اس موقع پر پانی بہت جمع رہتا ہے جس سے احتمال منہدمی مکانات ہے اور پانی کے زیادہ جمع رہنے سے اندیشہ زیادتی بیماری کا بھی ہے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ چوبے پرمانند صاحب ممبر و حکیم گنگا پرشاد صاحب ممبر اوس محلہ سے کچھ چندہ فراہم کریں اور اوسی موقع پر جو ایک ڈھیر مٹی کا پڑا ہے اوس سے یہ رستہ درست کرادیں ضرورت ہو تو ایک دو روز کے واسطے سے اپنے کام میں صفائی کو بھی بلا لیا کریں لیکن یہ رستہ جلد درست کر دیا جاوے صاحب صدر نشین نے بھی اس تجویز سے اتفاق کیا -

ملاحظہ شد ۲۲ر جنوری ۹۴ء

---

۲ - حسب گذارش عرضی چھیدا لال کاتبہ سکنہ شاہ آباد با تجارت بر آمدگی دروازہ سابق جو متصل دیوار احاطہ مکان مسکونہ سائل تھا محرر صفائی

چونکہ رپورٹ محرر صفائی و چوبے پرمانند صاحب ممبر سے اس دروازہ کے نکالنے میں کوئی ہرج ظاہر نہیں ہوتا لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ

وچوبے پرانڈ ممبر کو بغرض معائنہ موقع پر بھیجا گیا اور رپورٹ اونکی کمیٹی مین پیش کیگئی۔	چھید لال کو اجازت تیاری دروازہ دیجاوے۔ صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی اس تجویز سے اتفاق فرمایا۔

ملاحظہ شد ۲۲ر جنوری ۱۸۹۲ء

۳ - حسب گذرنے عرضی ننھے ستہ سکنہ شاہ آباد باستجازت تیاری نشستگاہ روبرو مکان مسکونہ خود سکرٹری کمیٹی کو بغرض معائنہ موقع مامور کیا گیا اور رپورٹ اونکی کمیٹی مین پیش کیگئی۔	چونکہ رپورٹ صاحب سکرٹری سے واضح ہے کہ اس موقع پر جہان سائل بیٹھک بنوانا چاہتا ہے تمام محلہ کی نشست ہوتی ہے اور مکان تیار ہو جانے سے جولاہونکو بھی تکلیف ہوگی لہذا بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ سائل صرف اپنے دروازہ کے سامنے چھپر ڈال سکتا ہے اجازت تیاری نشستگاہ بوجہ مسدودی رستہ و تکلیف اہل محلہ نہین ہوسکتی صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی اس تجویز سے اتفاق کیا۔

ملاحظہ شد ۲۲ر جنوری ۱۸۹۲ء

۴ - عرضی گوپی ناتھ وغیرہ بقالان بازار قصبہ شاہ آباد بدرخواست صدور حکم رسد رسانی بنام دوکانداران قصبہ ہذا جنہون نے اپنی دوکانین بازار سے اوٹھاکر گلی کونچہ مین رکھ لی ہین اور سرکار مین وقت پر رسد نہین دیتے ہین کمیٹی مین پیش کیگئی۔	چونکہ کوئی دوکاندار دیہات یا قصبہ رسد رسانی سے مستثنی نہین ہوسکتا ہے لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ دوکانداران دیہات و قصبہ خاص کو صاحب سکرٹری کمیٹی طلب کرکے ہدایت کردیوین کہ سرکار مین سبکو بوقت ضرورت بحصہ رسدی رسد دینا ہوگی۔ صاحب صدرنشین کمیٹی نے بھی اس تجویز سے اتفاق کیا۔

ملاحظہ شد ۲۲ر جنوری ۱۸۹۲ء

۵ - عرضی کلیان چودہری بازار قصبہ شاہ آباد بدرخواست معافی آدہ آنہ ماہوار بابتہ چندہ چوکیدارہ جو مجہسے وصول ہوتا ہے بوجہ استحقاق خدمت چودہرات کمیٹی مین پیش ہوئی۔	چونکہ سائل چودہری ہے اکثر سرکار مین بوقت دورہ بہت مدد دیتا ہے اور رقم چوکیدارہ مین آٹہ آنے ماہوار ایزاد بھی ہین۔ لہذا بالاتفاق تجویز ہوا کہ موازی ۔ر ماہوار بابت چوکیدارہ ذمگی کلیان چودہری

معاف کیا جاوے اور ضلعدار قصبہ کو اطلاع دیجاوے۔ صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی اس تجویز سے اتفاق کیا۔

ملاحظہ شد ۲۲؍ جنوری ۱۸۹۳ء

۶۔ حسب گذر نے عرضی خیراتی نورباف سکنہ شاہ آباد بدرخواست اوٹھوادیجانے پکھہ منہدمہ جبشیر خان جس سے اوسکی بے پردگی ہے اول محمد امیر علیخانصاحب ممبر کو موقع پر بھیجا گیا اور پھر مین خود گیا اور نوٹ اپنا اس معائنہ کی بابت کمیٹی مین پیش کیا گیا۔

چونکہ یہ پکھہ ملکیت جبشیر خان کا ہے اور اب وہ اس موقع پر اپنا چھپر ڈالنا چاہتا ہے اور اقرارنامہ نوشتہ خیراتی نورباف سے ظاہر ہے کہ اوسنے وعدہ کر لیا تھا کہ جب اوسکو دیوار کو ضرورت ہوگی اوسوقت مین اپنی کڑی دیوار پکھہ سے علیحدہ کر لونگا۔ پس بالاتفاق تجویز ہوا کہ ایسی حالت مین خیراتی کو اس پکھہ سے کوئی سروکار نہین ہوسکتا اگر اوسکے مکان کی بے پردگی ہے تو وہ اپنی زمین مین جداگانہ دیوار اوٹھا سکتا ہے۔

ملاحظہ شد ۲۲؍ جنوری ۱۸۹۳ء

۷۔ عرضی محمد زین العابدین خان علاقہ دار شاہ آباد نگران صفائی موضع روانہ بشکایت مسمیان جھنگا حمیدا احمد نور خان منا احمد یار نیاز وخان عباسخان چیدا ولد رجب سید عنایت ساہو کار بیوبیگ منا حجام بھولی گاذر شہو دھوبی مشو ترک مداری نجار چھبن تیلی رحیم ولد نوری چیدا بھوجی ہردیا خاکروب رضائی ترک جوکھن ترک علی محمد خان ساکنان موضع روانہ مع پدھانان دیہہ نسبت اسکے کہ باوجود تاکید چند در چند یہ لوگ گھورہ جو بموقع اندر آبادی کے پڑے ہی نہین اوٹھاتے جسکی بوجہ سے گانوں مین غلاظت پھیلی ہے اور آب ہوا خراب ہوتی جاتی ہے۔ اور شکایت بیماری بھی ہے۔ بدرخواست کیے جانے چار چار آنہ جرمانہ اشخاص مندرجہ بالا پر بوجہ عدول حکمی

بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ چونکہ یہ ابتدائی معاملہ ہے لہذا اشخاص مندرجہ رپورٹ علاقہ دار پر مع پدھانان کے صرف ایک ایک آنہ جرمانہ کیا جاوے اور بذریعہ صاحب سکرٹری کمیٹی معرفت پدھانان اون لوگونکو ہدایت کیجاوے کہ وہ گھورے جلد اوٹھوالین اگر پھر اس قسم کی غلاظت دیکھی گئی تو سخت جرمانہ تجویز کیا جاوے گا صاحب صدر نشین نے بھی اس تجویز سے اتفاق کیا۔

کمیٹی میں پیش کی گئی۔

ملاحظہ شد ۲۲ جنوری ۱۸۹۴ء

۸ - نوٹ صاحب سکرٹری کمیٹی بدیں مضمون کہ موضع ساگرپور کی صفائی بہت بری ہے اندر آبادی کے بہت سے موقعوں پر گندگی جمع ہے اور بروز بازار چینیہ اکثر بھینسیں مذبح میں ذبح ہوتی ہیں اور عام طور پر آبادی کے قریب مذبح کی گندگی پڑی رہتی ہے مناسب موقع پر مذبح کیواسطے جگہہ تجویز ہونی چاہیے اور احاطہ بھی بنجانا چاہیے اور نسبت صفائی پدہانان وچوکیداران پر تاکید ہونی چاہیے کمیٹی میں پیش کیا گیا۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ صاحب سکرٹری خود موقع پر جاکر ہمیشہ کیواسطے علحدہ موقع مذبح کا تجویز کردیں اور پدہانان کو طلب کرکے تنبیہ کردیں کہ اگر پندرہ روز میں گاؤں بالکل صاف نہوا تو سزاے جرمانہ تجویز کیجائیگی۔

ملاحظہ شد ۲۲ جنوری ۱۸۹۴ء

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۶ مطبوعہ ۵ فروری ۹۲ء بشنبہ جلد ۶

نقشۂ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳۰ جنوری لغایت ۴ فروری ۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد [illegible]	مرد [illegible]	عورت [illegible]	عورت [illegible]	میزان	تفصیل مذہب [illegible]	تفصیل مذہب [illegible]	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک [illegible]	[illegible]	۵ سال سے ۱۲ سال تک [illegible]	[illegible]	۱۲ سال سے زیادہ [illegible]	[illegible]	میزان [illegible]	[illegible]	تفصیل بلحاظ مذہب [illegible]	[illegible]	تفصیل امراض [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	کیفیت
شہر رامپور	۲۸	۵	۱۵	۲	۵۰	۴۳	۷	۹	۲	۱	۰	۵	۳	۱۵	۵	۱۲	۶	۰	۰	۳	۱۴	۲۰	۰
شاہ آباد	۷	۴۳	۱۲	۲۸	۸۰	۱۹	۶۱	۹	۱۰	۱	۰	۲۲	۷	۳۱	۱۴	۱۳	۳۵	۰	۰	۲۰	۲۸	۴۸	۰
ملک	۰	۱۱	۱	۹	۲۱	۱	۲۰	۳	۱	۲	۱	۳	۳	۸	۵	۰	۱۲	۰	۰	۰	۱۳	۱۳	۰
بلاسپور	۱	۳	۲	۲	۸	۳	۵	۱	۰	۱	۱	۱	۱	۳	۲	۰	۵	۰	۰	۰	۵	۵	
سوار	۰	۰	۰	۵	۵	۰	۵	۲	۱	۱	۰	۴	۲	۷	۳	۵	۵	۰	۰	۵	۵	۱۰	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
میزان	۳۶	۵۲	۳۰	۴۶	۱۷۵	۷۶	۹۹	۲۱	۱۴	۶	۲	۳۰	۱۶	۶۴	۳۲	۳۲	۶۴	۰	۰	۲۸	۶۸	۹۶	۰

نقشۂ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۳۰ جنوری لغایت ۴ فروری ۹۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۴ ار	۰	۱۵ ار	۰	۱۶ ار	حضور تحصیل و ملک و سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۰	۲۰ ار	۰	۲۱ ار	۰	۲۰ ار	
نخود کسیر	۰	[illegible]	۰	۲۵ ار	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۰	۸ ار	۰	۱۷ ار	۰	۱۷ ار	
مونگ	۰	۸ ار	۰	۰	۰	۱۷ ار	
مکا	۰	۲۵ ار	۰	[illegible]	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	۳۰ ار	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	۰	۲۰ ار	
برنج	۰	۱۱ ار	۰	۱۲ ار	۰	۱۲ ار	
روغن زرد	۰	[illegible]	۰	[illegible]	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۰	[illegible]	۰	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۳ ار	۰	۰	۰	۳ ار	
نمک [illegible]	۰	۷ ار	۰	۷ ار	۰	۸ ار	
نمک لاہوری	۰	۶ ار	۰	۶ ار	۰	۶ ار	
قند سیاہ	۰	۱۱ ار	۰	۱۳ ار	۰	۰	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور